06/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل راج بھون جموں میں شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ کی 48 ویں بورڈ میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ اس سال سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا تین جولائی کو دونوں یعنی پہلگام اور بال تل کے راستوں سے شروع ہو گی اور یہ 9 اگست 2025 کو رکھشا بندھن کے موقعہ پر اختتام پذیر ہو گی ۔

لیفٹنٹ گورنر نے اس موقعہ پر متعلقہ محکمونکی جانب سے ہاتھ میں لئے گئے پروجیکٹوں کی تیز تر عمل آوری کی ہدایت دی تاکہ یاترا کے دونوں راستوں اور باقی مقامات پر یاتریوں کے لئے تمام لازمی سہولیات یاترا شروع ہونے سے قبل دستیاب کرائی جا سکیں ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ وادی گریز کو حالیہ ایام میں ایک سیاحتی مقام کی حیثیت سے زبردست پذیرائی ملی ہے اور محکمہ سیاحت علاقے میں ایک ٹیورازم ڈیولپمنٹ اتھارٹی قائم کرنے کی ضرورت کو لے کر غور و خوض کرے گی ۔

انہوں نے کہا کہ سال 2022 میں گریز وادی کو بہترین Off Beat سیاحتی مقام کا اعزاز ملا جس سے علاقے کی سیاحتی صلاحیت اجا گر ہوتی ہے ۔

ایم ایل اے گریز نذیر گریزی کے ایک سوال کے جواب میں عمر عبداللہ نے کہا کہ محکمہ سیاحت نے علاقے میں سیاحت کو بڑھاوا دینے کے لئے کئی اقدامات کئے ہیں ۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس سرکار جموں و کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی ۔

قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے ممبران کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن ممبران اسمبلی کو جموں و کشمیر کے لوگوں کے جذبات و احساس کی قدر کرنی چاہئے ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے محکمہ اطلاعات کی جانب سے یوٹی بھر میں منشیات کے مضر اثرات سے متعلق بیداری مہم کے لئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے رسورس پرسنز کی تربیت کی ضرورت کو اجا گر کرتے ہوئے ہدایت دی کہ تربیت یافتہ افراد کا ایک پو

---

ل دستیاب رکھا جانا چاہئے جو ہر بلاک اور پنچایت میں جا کر لوگوں میں نشہ کے مضر اثرات ¾ سے متعلق وسیع بیداری پیدا کریں ۔ میٹنگ میں سبھی ضلع ترقیاتی کمشنروں نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کی ۔

اعجاز اسد

دیہی ترقی اور پنچایت راج محکمہ کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے کل ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جموں کشمیر میں دیہی ترقی کی وزارت کے ذریعہ ایم جی نریگا ، پردھان منتری آواس یوجنا گرامین، جموں کشمیر رورل لائیو لی ہڈ مشن اور حمایت کے لئے سالانہ ایکشن کمیٹی سیشن کے لئے تیاریوں کا جائزہ Empowered پلان کو حتمی شکل دینے کی غرض سے لیا ۔

میٹنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ محکمہ دیہی علاقوں کے رہائشیوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کی غرض سے پائیدار بنیادی ڈھانچہ پر توجہ مرکوز کر رہا ہے ۔

کھیلو انڈیا

جموں کشمیر سپورٹس کونسل نے کھیلو انڈیا سرمائی کھیل مقابلوں سے متعلق تمام تر معلومات بہم پہنچانے کی غرض سے www.kiwg2025.com ایک ویب سائٹ لانچ کی ہے ۔ اس ویب سائٹ کے ذریعے اِن کھیل مقابلوں سے متعلق سبھی شیڈول ، لائیو سٹریم اور کھلاڑیوں کے تاثرات وغیرہ لوگوں تک پہنچائے جائیں گے ۔

یاد رہے کہ سرمائی کھیل مقابلے گلمرگ میں رواں ماہ کی نو تاریخ سے 12 تاریخ تک منعقد کئے جائیں گے ۔

سیکورٹی صورتحال میٹنگ

، CRPFساوتھ کشمیر رینج جاوید اقبال متو نے ریلوے اسٹیشن وَنپو اننت ناگ میں کل فوج ، DIG ریلوے پولیس اور دیگر ایجنسیوں کے افسران کے ساتھ ایک میٹنگ میں سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے سبھی متعلقین پر زور دیا کہ وہ آپس میں قریبی تال میل قائم رکھیں تاکہ کسی بھی صورتحال کا موثر طور مقابلہ کیا جا سکے ۔

کولگام ساحل سارنگل اور دیگر عہدیداروں نے SSPکے کمانڈر پرتھوی راج ، RRمیٹنگ میں 1 شرکت کی ۔

سائبر سیل

پولیس ڈسٹرکٹ اونتی پورہ کی سائبر سیل نے آن لائن فراڈ کے ذریعے لوگوں سے ہتھیائے گئے دو لاکھ 45 ہزار 990 روپے باز یاب کئے ہیں ۔ سائبر سیل کے مطابق کئی درخواستیں موصول ہونے کے بعد جدید سائبر سہولیات کا استعمال کرتے ہوئے مذکورہ رقم واپس حاصل کر کے اُسے متاثرین کے بنک کھاتوں میں منتقل کیا گیا ہے ۔

دریں اثناءبڈگام میں پولیس کی جانب سے سائبر خطرات اور ان سے بچاو کے تعلق سے کئی مقامات پر بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا ۔ سائبر پولیس اہلکاروں نے اس دوران لوگوں کو تلقین کی کہ وہ سوشل میڈیا کے استعمال سے انتہائی احتیاط برتیں اور اپنی بینک و ذاتی تفاصیل کسی کے ساتھ بھی سانجھا نہ کریں ۔

پولیس

بارہمولہ گریندر پال سنگھ کی ہدایت پر بارہمولہ پولیس نے گورنمنٹ ڈگری کالج پٹن میں نئے SSP فوجداری قوانین سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا ۔ پروگرام کے دوران مقررین نے نئے قوانین سے متعلق طلباءو دیگر حاضرین کو جانکاری فراہم کی ۔

آگ

اننت ناگ قصبے کے گجناگ کاڑی پورہ علاقے میں آگ کی ایک واردات میں کئی رہائشی مکانوں کو نقصان پہنچا ۔ ہمارے نمائندے تصدق رشید کے مطابق فائر اینڈ ایمرجنسی محکمہ اور پولیس نے موقعہ پر پہنچ کر آگ پر قابو پا لیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ